# نبی ﷺ سفر میں تھے آپ ﷺ نے نمازِ عشاء ادا کی تو ایک رکعت میں ’وَالتِّینِ وَالزَّیْتُونِ‘ پڑھی میں نے آپ ﷺ سے زیادہ اچھی آواز والا یا آپ ﷺ سے اچھا پڑھنے والا کبھی نہیں سنا

براء بن عازب رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ سفر میں تھے آپ ﷺ نے نمازِ عشاء ادا کی تو ایک رکعت میں ’وَالتِّینِ وَالزَّیْتُونِ‘ پڑھی میں نے آپ ﷺ سے زیادہ اچھی آواز والا یا آپ ﷺ سے اچھا پڑھنے والا کبھی نہیں سنا

[صحیح] [متفق علیہ]

نبی ﷺ نے نمازِ عشاء کی پہلی رکعت میں سورۃ ’’تین‘‘ اور سورۃ ’’زیتون‘‘ کی تلاوت فرمائی کیوں کہ آپ ﷺ سفر میں تھے اور سفر کی مشقت و کلفت کے پیش نظر اس میں تخفیف اور سہولت کو ملحوظ رکھا جاتا ہے نبی ﷺ سفر میں تھے لیکن اس کے باوجود آپ ﷺ نے اس بات کو نہیں چھوڑا جو خشوع و خضوع پیدا کرتی ہے اور جس کی وجہ سے قرآن کی سماعت کرتے ہوئے دل یکسو ہوتا ہے اور یہ نماز میں خوبصورت آواز سے تلاوت سے عبارت ہے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/3177